اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ کی پیش کش

Dec, Jan, Feb 2023-24

جمادی الاولیٰ، جمادی الاخریٰ، رجب المرجب ۱۴۴۵ھ

# سہ ماہی صوفی ٹائمز

# QUARTERLY SUFI TIMES



زیرِ سرپرستی
شیخ ابوسعید شاہ احسان اللہ محمدی صفوی

سہ ماہی
# صوفی ٹائمز

QUARTERLY
# SUFI TIMES

**Issue**
December,
January, February
2023-2024

**شمارہ**
جمادی الاولیٰ، جمادی الاخریٰ
رجب المرجب
۱۴۴۵ھ

جلد-۲

## مجلس ادارت

**مینیجنگ ایڈیٹر:** ڈاکٹر سید محمود مہدی کاظمی فریدی
**مدیر اعلیٰ:** مفتی امام الدین سعیدی
**مدیر اعزازی:** مولانا علی سعید
**اردو ایڈیشن:** مفتی امام الدین سعیدی
**انگریزی ایڈیشن:** ڈاکٹر سید محمود مہدی کاظمی فریدی
**تزئین کاری اور ڈیزائننگ:** ظفر عقیل سعیدی

## مجلس مشاورت

مولانا سید کامران چشتی، ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی، ڈاکٹر مجیب الرحمن علیمی، مولانا ضیاء الرحمن علیمی، مولانا غلام مصطفی ازہری، مولانا محمد ذکی، مولانا غلام رسول دہلوی، ڈاکٹر حفیظ الرحمن


**ناشر:**
اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ
85، ماؤنٹ ہوپ روڈ، میہو پیک، نیویارک-10541 (یو، ایس)

**ٹوٹل صفحہ:** 42
**ای میل:** auliyacouncil@gmail.com
**مراسلات کا پتہ:** 85، ماؤنٹ ہوپ روڈ، میہو پیک، نیویارک-10541
**مقام اشاعت:** 85، ماؤنٹ ہوپ روڈ، میہو پیک، نیویارک-10541 (یو، ایس)
**نوٹ:** مضمون نگار کے افکار ونظریات سے ادارے کا اتفاق ہونا ضروری نہیں ہے۔

**Publisher:** 85-Mount Hope Road, Mahopac, New York, USA

سہ ماہی

# صوفی ٹائمز

## فہرست


| مضامین | مضمون نگار | صفحہ |
|---|---|---|
| EDITORIAL | Dr. M.Mehdi Kazmi Fareedi | 4 |
| MISAQ e MADINA | Dr. M.Mehdi Kazmi Fareedi | 8 |
| PEACE IN JERUSALEM | Ghulam Rasool Dehlvi | 10 |
| BOOK REVIEW | Professor Tahira Naqvi | 12 |
| **بادۂ عرفان** | | |
| روح حسین، نفس یزید، اور عقل حر ہے | شیخ ابوسعید شاہ احسان اللہ محمدی | 16 |
| سلطان المشائخ کی تعلیمات اور اثرات | مفتی امام الدین سعیدی | 17 |
| ظلم کے آگے کبھی سر نہ جھکے! اور پیغام کربلا کیا ہے؟ | ڈاکٹر حفیظ الرحمن | 21 |
| مسلم ذہن کی صوفی تشکیل | ڈاکٹر ذیشان احمد مصباحی | 23 |
| صالحین کی قبروں سے تبرک اور ہمارے اسلاف | مولانا ڈاکٹر ضیاء الرحمن علیمی | 28 |
| **ادبی سیکشن** | | |
| نعتیہ کلام | منسوب بہ حضرت عبدالقدوس گنگوہی رحمہ اللہ | 36 |
| مرثیہ: حسین اور انقلاب مع انگلش ترجمہ | جوش ملیح آبادی / ڈاکٹر طاہرہ نقوی، نیویارک | 37 |
| اولیا کونسل کی سرگرمیاں | ڈاکٹر سید محمود مہدی کاظمی فریدی | 39 |

# EDITORIAL

## A Tale of Two Muslims




In The Name of God The Most Merciful And Beneficent

All Praise to Allah the Almighty and Salutations upon Our Prophet saw, Ahle Bait, Sahaba Karam and Auliya Allah

Approximately 1500 years ago, human kind had reached a nadir of difficult times: complete spiritual, social, political and group anarchy with tribes, based on different geographical and spiritual identities ranged against each other in perpetual conflict. Humanity, particularly the Arab world was divided in to tribes that had ancient, regressive ways of living and being. This was propelled by the concept of "asabiat", tribes by virtue of power and wealth created an overarching spiritual entity that held sway over the masses to feed the power hunger of strong tribes and their leaders. All social systems and individual freedoms had degenerated. The idea of divinely gifted life and living and being had been eliminated in spite of a succession of prophets in that region for several centuries who had come forth with divinely ordained reforms. A succession of these prophets, particularly Hazrat Moosa as who is known as the lawgiver came up with reforms in the shape of laws inspired by divine intervention to reform society for bringing about peace and justice in communities. The compelling idea of Hazrat Moosa and other prophets, monotheism as a uniting factor, hence humans being one in all aspects, was propounded to bring about progress, justice and equality under one God. No domination of one power over another or one people over another as an idea that would be necessary for survival had taken root. Hazrat Issa in the same chain, a few hundred prior to the advent of our Prophet saw had attempted to do the same by recognizing God as the only sovereign. This earth and all our possessions and all of life being given in suzerainty to all of humankind equally in that region created another revolution which we know as Christianity today. In spite of these reformers and Godly intervention that entire region of the Middle East of which Arabia is a part had regressed to the point of aggressive and regressive tribalism a few ruled over many: they ruled over their hearts and minds, over their spiritual and material earthly life and considered themselves owners of the way of life people had.

Amongst those tribes were the Quraysh who were powerful in the Arabian peninsula and held sway over the Kaaba, the seat of spiritual strength and power. This society was rife with all that ails mankind, and still does in Arabia and very many parts of the world. In this backdrop when humankind had reached a point of no return that part of Arabia and humankind was gifted with Hazrat Mohammad saw to save mankind from its own hands of destruction and the survival of humankind, for all times to come. The only way change could be brought about was the birth of Syedna Mohammad Mustafa saw bringing forth divine messaging which we know as the Quran. The Quran gave a basis for him to inform humanity of basic life principles and spiritual existence that were good for all, based on Oneness, Love and Justice-for all with no identity except Momineen who ascribed to this beautiful, equalizing, just divine intervention and non-Momineen who still wanted to stick to the old status quo to preserve their power and wealth. Our Prophet saw continued his work against all odds culminating in the elimination of all the power structures, social ills, injustice and all being One under One God. Its practical, earthly form took the shape of the society that followed. Guided by the Quran, based in Madina then Mecca: the Arabian Peninsula became a haven of Momineen who developed, again under Quranic principles a spiritual, social, political and just economic order that gave everyone equal rights and a place under the sun for all regardless of whether they were Momineen or not.




After our Prophet the mantle of the Prophet's value system was preserved and lived by many particularly his family, the Ahle Bait who knew it intimately, had the responsibility of implementing the Prophet saw's system and had to bear the opposition from those who wanted to cling to the old order. This attempt to destroy the Prophet saw's mantle and his family to preserve their power, oppose divine principles and revert humanity to the Jahiliya for their sole personal strength and power lead to Karbala where brute force tried to destroy all that the Quran and Our Prophet saw had instilled in that society. This lay the seeds of Two Muslims that

exists to this day: The Hussaini's, who believe and live divinely ordained Oneness-hence all Gods humans and creation being One, Love-hence all to be loved and cared for equally and Justice-hence all humans being spiritually, socially, politically and economically equal. They espouse peace under One God. Those with Yazidi beliefs, against all Quranic and Prophetic injunctions and traditions continued to oppose Our Prophet saw's legacy and mantle. This was propelled by primitive tribal rivalry and a changed world. Their hold over the Kaaba, local economics, politics and spiritual power had ended.

After Karbala began the story of Hussaini's and Yazidis that exists to this day. Generations came and went but Momineen became the Two Muslims, one who still thirsts over holding on to power over the other at the cost of breaking all Quranic and Prophetic saw principles and one who periodically gives rise to those who claim to come up with the “redesigned” and “reinterpreted” message of the Quran and the Prophet saw so that they can lay claim to spiritual, political and economic hold over others. These have further divided themselves in to sub-power bases of sects, firqas so that they can be big fish in a small pond. The other Muslim, exemplified by the Auliya and Sufiya in the subcontinent and millions who clearly know that Hussaini values are our only salvation in this world and the hereafter rather than Yazidi values:of kingship, oppression, zulm, forceful grabbing of power and wealth, non-democratic and non-inclusive ways of life, conflict and unkindness, “my way or the highway” attitudes and opposed to fitri, natural laws devised by God. It is this Yazidi thought that is the predominant functioning thought in all Muslim societies, sometimes in the guise of authoritarian rulers, sometimes in the guise of those who have given themselves the contract to be in charge of religious and spiritual matters. All of them try to claim the leadership role that only belongs to Our Prophet by vile means.

It is our Sufia thought leaders, our Auliya and those who build societies on the pattern of Our Prophet saw, who are upholding Hussaini values. It behooves us to support them and recognize them as such. So what are those Hussaini values? It is actually very simple, these values are those very values that are in sync with human nature, instilled in us by God and identified by the Quran and Our Prophet: Oneness of all humans, the”Umma” being all who want to live in peace with each other regardless of religion, caste and creed, recognize their civil and spiritual rights as exactly the same as any other being. Those who want to share equally be it in the social, economic and political sphere or in front of our just God as individuals. Auliya Council of North America humbly fosters the implementation of this divine


Mohammadi and Hussaini idea and is embarking upon a journey to bring all under the umbrella of Quran and Our Prophet. Muslim societies have deteriorated to pre-Mohammad Mustafa saw societies, hence pulverized by the powerful. Auliya Council puts out a call to action to recognize Yazidi ideas and live Hussaini ideas of no oppression, of equality, of justice, of caring for each other and this planet, of faqire, peace with all, of not wanting more and more for our own glorification, of giving first and asking later, of making closeness to God and following Our Prophet and his family as true marks of wealth rather than power and material. Auliya Council invites all to join the Hussaini caravan, whether by their pen, voice, thoughts, knowledge, actions, feelings, deeds, rituals and any other way to lift our people, perhaps all of humanity to that state of One Muslim, we all know what that is, let's not deny it to ourselves.

**Dr. M. Mehdi Kazmi Fareedi**
Khadim, Khanqah Chishtiya Faridiya/Hussaniya Sajjadiya
New York.
November 5, 2023



# CONFLICT in THE MUSLIM WORLD and MISAQ e MADINA

The current Palestinian-Israeli conflict is the lowest ebb in the relationship between people of two faiths belonging to the same home. In my opinion this horrific tragedy, for both people is a result of deviation from the core belief enshrined in both faiths in favor of nationalism and possession of land and resources overriding the basic tenets of either faith- to live in harmony with others as the Creator of all is One, to be just and caring to humanity not just kith and kin and individuals who identify as one group. The Muslim faith has a template for being one "Umma'(nation) with other faiths- The Misaq(Charter) of Medina which essentially eliminated the idea of tribal, ethnic and religious identity at once.



Misaq e Medina is the first written charter, dated to approximately 622CE that defines roles and responsibilities of people, individually and collectively when people of different beliefs, faiths and ways of living and being come together in a geographical area as Momineen, followers of Prophet Mohammad did with all other people living within the geography of the city of Medina. Like all Other concepts and elements in the Quran and Seerat e Risaalat Maab the Charter is timeless. Its pertinent clauses are 1- the idea and implications are applicable to all through the ages, as one would expect them to relate to similar matters regardless of tribe and faith. 2-Jews,( exemplying people with a different world view) and Momineen have to protect each other, if

one is attacked the other has to defend them. 3-justice is equal for all, the standard of justice for Momineen is exactly the same as it is for Jews, non-monotheists and all other communities within the bounds of Medina.4-The idea of "community" is that of all with a common interest- that of being citizens of a geographical area and those contributing to the idea of living in peace in a society that is just to all citizens without regard to faith, spiritual origins or religious identity.

Perhaps todays world would be different if we had listened to our Prophet and followed the model he set for people of different identities living with each other. I would dare to say that Momineen, who were welcomed to Medina at the time of hijrat should have reciprocated when people of Jewish faith, after a devastating Holocaust the scale of which humanity had not known, which crossed all standards of cruelty, barbarism and hatred became Muhajirs, immigrants to Muslim lands after being left with no choice but to leave their homes. Perhaps Muslims nowadays should introspect and look within and find that humanity which our Prophet inculcated, which the Quran lays onus on. Perhaps Muslims nowadays should act as Ansar and welcome, regardless of numbers and consequences  those Muslims who are Muhajirs today: Palestinians, Afghans, Rohingiyas to name a few who are being made Muhajirs by their very Muslim brothers (perhaps in name) Muslims who have no place for these displaced in their hearts and lands. I will end with a prayer-Oh Allah make us look within our own selves and recognize the wrongs we have perpetuated on our very own Muslims, make us hear the call of our Prophet to live as one Umma-one nation under God exclusive of our faiths and origins and to widen and open our hearts to all, let them come in, driven by love to our hearts and our lands, our homes.

**Dr. M. Mehdi Kazmi Faridi,**
Khadim, Khanqah Chishtiya Faridiya/Hussaniya Sajjadiya,
New York.
Dated: October 14, 2023



# A Sufi Quest for
# PEACE IN JERUSALEM

Following the fresh escalation of Israel-Palestine conflict, I wish to share some of the most meditative words of wisdom which emanated from South Asia for peace in Jerusalem. These include those of the Indian Chishti-Sufi saint Baba Farid as well as the Sri Lankan Sufi Sheikh—Bawa Muhaiyaddeen—who initially lived in India at the courtyard of Hazrat Nizamuddin Aulia in Delhi. Themed as "God's love of all lives", the 52nd anniversary celebration of Sri Lankan-American Sufi mystic Bawa Muhaiyaddeen's first arrival in America (11th October, 1971) recently concluded in Philadelphia (USA).

In February 1980, Bawa Muhaiyaddeen wrote a letter to prominent leaders of the free world for peace in Jerusalem. He averred: Jerusalem demonstrates the proof of how places of worship to which we should be able to go in unity are turned into battlefields. Salām (from which Jerusalem is etymologically derived) means peace, but today Jerusalem has become a focal point of conflict.

Significantly, most members of his Sufi community had Jewish roots. Back in 1972 when Bawa emerged in America, Jews were experimenting with many mystical paths—from Bhaktimat to Buddhism. Some even became Jewish Buddhists or "Jewbus". Others delved deeper into Jewish mysticism. But not many know of the 'Jewish Sufis'. They were those who became fond of the age-old mystical Islam at the hands of Bawa Muhaiyaddeen.

Horrendous attacks by Hamas against Israel and consequent casualties of common civilians on both sides call for a revisit to the Sufi quest for peace in Jerusalem. Deadly attacks on Israel have struck during a season of Jewish holidays. They coincide with Simchat Torah ("joy of Torah"), coming toward the end of the weeklong Jewish festival of Sukkot, also known as the Feast of the Tabernacles—a

time of autumnal thanksgiving. As Jews and the Jewish diaspora in different parts of the world were preparing to celebrate the completion of the annual reading of the Torah, hundreds of Jews were killed and many held hostage in Gaza. The Israel-Palestine escalation has turned the holy city of Jerusalem into a 'ghost town'. What we see with horror is that the attacks, in their scale and severity, are not less than the 1973 war which was waged on the most sacred day of the Jewish year—Yom Kippur—the Day of Atonement. It was celebrated only a few weeks ago. Jews sought divine forgiveness just as Muslims ask for atonement and introspect on Shab-e-Baraat (Night of Salvation).

Bawa Muhaiyaddeen—an authentic Muslim mystic and an awakened Sufi Sheikh with many Jewish mureeds [disciples]—exhorts:

"God accepts Jews, Christians, and Muslims alike. All are found in Jerusalem. Yet, those who have faith in God as well as those who have no faith continue to fight over that land, even though it only results in destruction."


Jerusalem's significance for Jews, as the holiest city which is home to the Western Wall is a common knowledge. But this site of the ancient Jewish temples is also the place of Jesus Christ's crucifixion and resurrection. For Muslims, it is the third holiest site after Mecca and Medina. In his Sufi discourse Jerusalem and World Peace, Bawa highlights that Jerusalem, a derivative of the root word salām is an idea of "peaceful religious unity" joining Judaism, Christianity and Islam. He also propounds a higher spiritual unity of the world religions in his book "The Four Religions'' (Hinduism, Zoroastrianism, Christianity, Judaism and Islam) and was the first Sufi who called the Qur'anic scripture Zabur as the 'Hindu Shashtra'.

Today Jerusalem—a city of profound spiritual significance—is once again a bone of global contention. The quest for peace in West Asia and the wider world is unfulfilled without achieving peace in Jerusalem. Sufi mystics like Bawa showed the potential path toward a more stable and harmonious future for this sacred city. Before him, Baba Farid who meditated in Jerusalem around 1200 CE marshalled a mystical mission for peace. His memorial thronged by people of all faiths is known as the Indian Hospice—Al-Zawiyya Al-Hindiyya in East Jerusalem.

(Author is an Indo-Islamic scholar, Sufi writer and Consulting Editor for The Sufi Times, Auliya Council of

**By Ghulam Rasool Dehlvi**

# BOOK REVIEW




Review of Ismat Chughtai's book"Qatra-e-Khoon by Professor Tahira Naqvi, New York

How a translation of Ismat Chughtai's last book 'Qatra-e-Khoon' offers a lesson in universal resistance 'One Drop of Blood' strikes a discordant note in the life and work of the irrepressible writer.

Tahira Naqvi's translation of Ismat Chughtai's One Drop of Blood compels, cajoles and convinces the reader of the importance of catharsis in a perplexing world, where media, digitisation and Artificial Intelligence have taken over human relations and simple pleasures. 'One Drop of Blood' strikes a discordant note in the life and work of the irrepressible writer. The Prophet Muhammad's grandson, with an "army" of 72 people which included women, children and old men, all dearly beloved family members, arrives in Karbala, where thousands of soldiers of Amire-Mu'awiya's son Yezid's army are baying for his blood. The Imam, who is denied water for three days in the burning sands of that inhospitable land, sends one after another of his band of faithfuls to battle the marauders and be slaughtered in the burning sands of Karbala. Why? To save Islam from falling into the hands of the bloody and debauched rulers, the Amir and his heir Yezid. Over 1,400 years later, Muslims from all over the world commemorate this event in the month of Muharram, which is also the first month of the Islamic calendar. It is a time of remembrance and mourning, in which all sorrows are sublimated in the greatest sorrow humankind has seen. I ask myself, why would Ismat apa write the story of Karbala? This is not her style. Her oeuvre is different — Lihaaf (1942),Gainda (1938), Chotein (1942), Terhi Lakeer (1940) — explore themes which have no semblance to the martyrdom of Imam Husain. Did she turn to religion as a last resort? Ek Qatra-e-Khoon (1975) is her last novel. Most people think of their creator as they prepare for their end. But then, having chosen a subject which is heart's blood for Muslims, especially Shias, why did she turn away from Islam in the end? Why did she ask to be

cremated rather than buried in the Islamic custom? These questions are raised by one of the best translators today, Tahira Naqvi, in her translation of the novel. I ask these very questions about the translator as well.

Why did Naqvi, who had translated several Chughtai classics with skill and sensitivity, choose to translate this work? A book which strikes a discordant note in the life and work of the irrepressible Chughtai? Quoting the writer Mazhar Imam, Naqvi writes in her foreword, "The world of Ismat is the world of poverty, illiteracy and filth. The children that are nurtured in joint families like worms and insects, the stench and reek of toilets, maidservants covered in dirt and sweat, the stifled young girl peering through the curtains, is the one who gives birth to illegitimate children behind that curtain." How does Ek Qatra-e-Khoon fit in this mahaul? Shall I venture to say that Chughtai and Naqvi's journeys run parallel? There is as much mystery about her writing this book as about Naqvi choosing to translate it.

She writes about her initial hesitation when she took up the work, and later, her intense work on each sentence, not only because she wanted to be faithful to the text, but because of her own belief and practice, which was her driving force. As one who professes the same faith, I can fully identify with her. My own Urdu literary journey began in 1987 when my dear friend and publisher of this book, Ritu Menon, asked me to translate Chughtai's Lihaaf for Kali for Women. As a child, I had a feeling that Chughtai's books were kept out of our reach. I could never have imagined her presence at the majlises in our house. Ittook the genius of Naqvi to bring this aspect of her to a non-Urdu-reading audience.

This is a book for today. One has to understand the importance of Karbala for Shias across the world to realise the anomaly in this work. Chughtai herself was not from a Shia family. She was Sunni, though surrounded by Shia neighbours. She attended majlises, like most children, for the excitement of the Imambara gatherings and the delectable tabarruk (sweet or savoury) which is offered in the Imam's name to all mourners.

Children are the first in line. When Chughtai recalls how, as a six-year-old, she wept listening to Mir Anis's account of the martyrdom of the six-month-old child Hazrat Ali Asghar, the Shia-Sunni divide melts away. Perhaps, that was the defining moment of her life, which was manifested many years later in Ek Qatra-e-Khoon. Naqvi's poignant preface ends with the lesson in universal resistance offered in this book.

"Ismat's narrative of the suffering of Husain's family, the true anguish and sorrow of their lives during the battle of Karbala and later in the prison of Damascus,

creates images which are raw and unforgettable. And, on his return to Medina, Hazrat Zainul Abidin's last words become an anthem for the oppressed everywhere. 'When the blood of innocent people is shed, the blood of Husain will become more vivid. People will chant Husain's name when they take a stand against tyranny.'" This is a book for today. When we stand up for the thousands of Navlakhas, Bhardwajs, Varavaras, and yes, the George Floyds across the globe, it is the story of Karbala as told by Chughtai and brought before the world through this excellent translation that gives us courage to keep resisting.

Syeda Hameed is a former member, Planning Commission

Published in The Indian express, August 28, 2020

Professor Tahira Naqvi grew up in Lahore. She is a translator, writer and Clinical Associate Professor of Urdu Language and Literature in the Department of Middle Eastern and Islamic studies, New York University, New York. Her Last novel is "The History Teacher of Lahore".

# بادۂ عرفان

## عرفانی مجلس

# روح حسین، نفس یزید اور عقل حر ہے!



حضرت داعی اسلام شیخ ابوسعید محمدی صفوی دام ظلہ العالی
زیب سجادہ خانقاہ عالیہ عارفیہ، سید سراواں شریف، انڈیا

۲/ دسمبر ۲۰۰۹ء/ ۱۰/ محرم الحرام ۱۴۳۱ھ بروز پیر صبح کے وقت مرشد گرامی حضور داعی اسلام حضرت شیخ ابوسعید شاہ احسان اللہ محمدی صفوی ادام اللہ ظلہ علینا کی خدمت میں حاضری کا موقع میسر آیا۔ ۱۳/ حضرات پہلے سے موجود تھے جن میں ''جامعہ اشرفیہ'' مبارک پور سے تشریف لائے ہوئے کچھ طلبہ بھی تھے۔ فقیر کے بعد مولانا اشتیاق عالم مصباحی اور مولانا اشرف الکوثر مصباحی جو آج ہی دہلی سے تشریف لائے تھے حاضر خدمت ہوئے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کا ذکر چل رہا تھا، آپ نے فرمایا کہ امام عالی مقام نے جہاد کیا۔ یزید ذلیل ہوا۔ ہم سب کو بھی چاہیے کہ یزید سے جنگ کرتے رہیں، ہر انسان کے ساتھ یزید موجود ہے۔ تھوڑے سے وقفے کے بعد مزید فرمایا کہ روح، حسین کی طرح ہے، نفس، یزید کی طرح ہے، نفس پرستی یزیدیت ہے اور اعضا لشکر ہیں جن پر یزید (نفس) کا تسلط ہو چکا ہے، اور وہ اس لشکر کا ناجائز استعمال کر کے اس کو گناہوں میں ملوث کر رہا ہے، جیسا کہ یزید نے کربلا میں اپنے لشکر کا ناجائز استعمال کیا اور اسے امام عالی مقام کے خلاف جنگ کرنے پر مجبور کیا۔ غضب شمر ہے، خواہش ابن زیاد اور عقل 'حر' ہے، جو حق تسلیم کر چکا اور سمجھ چکا کہ برائی اور معصیت ہلاک کر دے گی مگر کمزور ہے، وہ یزید کے مقبوضہ لشکر آنکھ، کان، زبان، ہاتھ وغیرہ کے حملے سے مجبور ہے، نفس (یزید)، غضب (شمر) اور خواہش (ابن زیاد)، یہ تینوں عقل یعنی 'حر' کو ابھرنے نہیں دیتے۔

ہم سب کو اپنا اپنا جائزہ لینا چاہیے اور عقل کی دعوت قبول کر کے روح کی مدد کرنی چاہیے۔ غضب اور خواہش کو کچل کر اعضا کو یزید کے قبضے سے نکالنے، اس کی حفاظت کرنے اور روح کو قوت پہنچانے کی کوشش کرتے رہنا چاہیے، تب تو ہم حقیقی حسینی ہیں ورنہ صرف زبانی حسینی ہیں جو ہمارے لیے مفید نہیں ہے۔ اللہ ہم سب کو حقیقت میں حسینی بنائے۔ (آمین)

❑❑❑

ترتیب: ڈاکٹر محمد مجیب الرحمٰن علیمی

# سلطان المشائخ کی
# تعلیمات اور اثرات



مفتی امام الدین سعیدی

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے:

أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ

(انبیا:۱۰۵)

ترجمہ: بے شک زمین میں میرے نیک بندے حکومت کرتے ہیں۔

اس روئے زمین پر حکومت صرف اللہ کی ہے۔ سب کچھ اسی کی مرضی سے ہوتا ہے۔ سارے اختیارات اسی کے ہیں مگر اس دنیا میں کچھ ایسے مخصوص بندے بھی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے اپنا نائب بنایا ہے اور اپنے فضل سے لوگوں کے قلوب پر حکومت کرنے کی قدرت بھی عطا کردی ہے، ان میں سے ایک سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کی ذات بھی ہے جو اس شان کے مالک تھے۔

آپ نے غیاث پور دہلی (بستی نظام الدین) میں قیام کیا اور اپنے ایمان کی قوت سے ایسا انقلاب برپا کیا کہ عوام تو عوام شاہان وقت بھی آپ کی گدائی اور غلامی کرنے کے لیے بیتاب نظر آنے لگے اور اسلام کو ایک وقار اور بلندی عطا کرنے کے ساتھ غافل دلوں میں ذکر کی ایسی تڑپ اور لذت پیدا کی کہ وہ سب یاد مولیٰ میں غرق ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور ان کے لیے اللہ کے ذکر سے خالی رہنا شاق اور دشوار گزرنے لگا۔

بقول ڈاکٹر اقبال: ؎

تری لحد کی زیارت ہے زندگی دل کی
مسیح وخضر سے اونچا مقام ہے تیرا

برصغیر ہندوپاک کے تناظر میں خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کے عہد مبارک کو اگر اسلام کا عہد زریں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کیونکہ آپ کی تبلیغی اور دعوتی کوششوں نے اپنے گردوپیش کے ماحول کو حیرت انگیز طور پر ایمانی رنگ میں رنگ دیا تھا۔

مستند اور مقبول تاریخی کتابوں سے جو حالات ملتے ہیں وہ اس بات کی مکمل تصدیق کرتے ہیں کہ سلطان المشائخ قدس سرہٗ نے اللہ کی عبادت سے ناآشنا لوگوں کو عبادت کی لذت عطا کر کے اللہ سے قریب تر کر دیا تھا۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی لکھتے ہیں کہ:

ایک ایسے زمانے میں جب مسلمانوں کی حکومت اپنے عروج پر تھی اور غفلت، خدا فراموشی اور نفس پرستی کے اسباب ومحرکات پورے شباب پر تھے، ایک ایسی نئی دینی اور روحانی لہر پیدا ہوئی جس کو ہر محسوس کرنے والے نے محسوس کیا۔(تاریخ دعوت وعزیمت:۱۳۵)

آپ نے توبہ اور اللہ کی طرف رجوع کے لیے جو حکمت عملی اور طریقہ اختیار فرمایا تھا وہ نہ صرف انوکھا تھا بلکہ ہر خاص وعام کو اللہ سے جوڑنے والا بھی تھا۔ آپ کا یہ معمول تھا کہ ہر شخص کو اپنی بیعت میں قبول کر لیتے تھے، اس کا عمومی اثر عام انسانوں کی زندگی پر یہ ہوا کہ اس بیعت وتعلق سے مسلمانوں کا ہر طبقہ مستفیض ہوا۔

عام انسانی زندگی اور معاشرہ، لوگوں کے اخلاق و عادات، اہل حکومت سے لے کر عوام تک ہر ایک کے اندر واضح اور نمایاں تبدیلی آئی، لوگوں کے درمیان اللہ طلبی، توبہ وصفائی، صدق گوئی اور امانت داری کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی۔

اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے مشہور ہندوستانی مؤرخ ضیاء الدین برنی لکھتے ہیں کہ:

سلطان علاء الدین خلجی کے زمانے میں سجادۂ تصوف شیخ الاسلام نظام الدین، شیخ الاسلام علاء الدین اور شیخ الاسلام رکن الدین قدست اسرارہم سے آراستہ تھا۔ ایک دنیا ان نفوس قدسیہ سے روشن ہوئی اور ایک عالم نے ان کی بیعت کا ہاتھ پکڑا، گنہ گاروں نے توبہ کی، ہزاروں بدکاروں اور بے نمازیوں نے بدکاری سے ہاتھ اٹھالیا اور ہمیشہ کے لیے پابند نماز ہو گئے اور باطنی طور پر دینی وظائف کی طرف رغبت ظاہر کی، ان مشائخ کے اخلاق حمیدہ سے اور ترک وتجرید کے معاملات دیکھنے سے دنیا کی حرص ومحبت دلوں میں کم ہو گئی اور ان کی عبادات ومعاملات کی برکت سے لوگوں کے معاملات میں سچائی پیدا ہو گئی۔

اسی زمانے میں خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ نے بیعت کا عام دروازہ کھول رکھا تھا۔ آپ گنہ گاروں کو خرقہ پہناتے، ان سے توبہ کراتے اور اپنی مریدی میں قبول کرتے۔ خاص وعام، امیر وغریب، بادشاہ وفقیر، عالم وجاہل، شریف ورذیل، شہری ودیہاتی سب کو توبہ کراتے اور پاکی کی تعلیم دیتے تھے، اگر شیخ کے کسی مرید سے کوئی لغزش ہو جاتی تو پھر نئے سرے سے بیعت کرتے تھے اور توبہ کا خرقہ عطا کرتے تھے۔

آپ کی وجہ سے مرد وعورت، بوڑھے جوان، بازاری، عامی، غلام اور نوکر سب کے سب نماز ادا کرنے لگے تھے اور زیادہ تر مریدین نماز چاشت واشراق کے پابند بھی ہو گئے تھے، نیک کام کرنے والوں نے شہر سے غیاث پور تک تفریحی جگہوں پر صفّے (چبوترے) قائم کر دیے تھے، چھپر ڈال دیے تھے، کنویں کھدوا دیے تھے، پانی کے گھڑے اور وضو کے لیے لوٹے رکھوا دیے تھے، چٹائیاں بچھوا دی تھیں، ہر صفّے (چبوترے) اور ہر چھپر میں ایک چوکیدار اور ایک ملازم مقرر کر دیا تھا، تا کہ مرید اور توبہ کرنے والوں کو شیخ کے آستانے تک آنے جانے

میں اور نماز کے وقت وضو کرنے میں کوئی دقت اور تردد نہ ہو، چبوترہ اور چھپر میں نفل نماز پڑھنے والوں کا ہجوم دیکھا جاتا تھا اور لوگوں کے درمیان گناہ کم ہو گیا تھا۔ بلکہ اکثر لوگوں کو نماز چاشت، اشراق، اوّابین، تہجد کی رکعتیں اوران کے طریقے بھی یاد تھے کہ ان نمازوں میں ہر وقت کتنی رکعتیں ادا کرتے ہیں اور ہر رکعت میں کلام پاک کی کون سی سورت اور کون سی آیت پڑھتے ہیں ...اس زمانے میں اکثر لوگوں کے درمیان حفظ قرآن کا ذوق بھی پیدا ہو گیا تھا۔

مشائخ کے اوصاف حمیدہ اوران کے احوال بیان کرنے کے سوا کوئی دوسرا کام نہ تھا۔ دنیا اور دنیا داروں کا ذکر ان کی زبان پر نہیں آتا تھا، کسی دنیا دار کے گھر کی طرف اپنا رخ نہیں کرتے تھے، کثرت نوافل کی اس قدر پابندی تھی کہ بادشاہ کے محل میں بہت سے امرا، لشکری اور سپاہی جو شیخ کے مرید تھے چاشت واشراق کی نماز ادا کرتے اور ایام بیض کے روزے رکھتے، سلطان علاء الدین اپنے تمام گھر والوں کے ساتھ شیخ کا معتقد اور مخلص ہو گیا تھا۔ خواص وعوام کے دلوں نے نیکی اختیار کر لی تھی، عہد علائی کے آخری چند برسوں میں شراب، معشوق، فسق وفجور، جوا، فحاشی وغیرہ کا نام بھی عام انسانوں کی زبان پر نہیں آتا تھا، کبیرہ گناہوں کو لوگ کفر کے مشابہ تصور کرنے لگے تھے، مسلمان ایک دوسرے کی شرم کی وجہ سے سود خوری اور ذخیرہ اندوزی کا کھلم کھلا مرتکب نہیں ہوتے تھے، بازار سے جھوٹ بولنے اور کم تولنے کا رواج اٹھ گیا تھا، اکثر طالب علموں اور بڑے بڑے لوگوں کی رغبت جو شیخ کی خدمت میں رہتے تھے تصوف اور احکام طریقت کی کتابوں کی طرف ہو گئی تھی۔ قوت القلوب، احیاء العلوم، عوارف المعارف، کشف المحجوب، شرح تعرف، رسالہ قشیریہ وغیرہ کے بہت سے خریدار پیدا ہو گئے تھے۔ زیادہ تر لوگ کتب فروشوں سے سلوک وحقائق کی کتابوں کے بارے میں دریافت کرتے تھے، کوئی پگڑی ایسی نہ تھی جس میں مسواک اور کنگھی لٹکی نظر نہ آتی تھی۔

غرض یہ کہ اللہ تعالی نے محبوب الٰہی شیخ نظام الدین قدس سرہٗ کو پچھلی صدیوں کے شیخ جنید اور شیخ بایزید قدست اسرار ہما کے مثل پیدا کیا تھا۔

(تلخیص از تاریخ فیروز شاہی، ص: ۳۴۱ تا ۳۴۶)

توبہ اور تجدید ایمان کے اس عام ذوق ورجحان کے علاوہ جس سے دہلی کا کوچہ کوچہ متأثر ہو رہا تھا اور اس کی لہریں ایوان شاہی تک پہنچ چکی تھیں ایک اور انقلاب تھا وہ یہ کہ فخر وغرور اور قلبی آوارگی کی اس دنیا میں جہاں مادیت پرستی اور عیش کوشی کے سوا عرصے سے کوئی صدا بلند نہ ہوئی تھی، محبت الٰہی کی ہوا چلنے لگی اور عشق مولیٰ کا سودا عام ہو گیا۔ ہر جگہ درد ومحبت کا تذکرہ، سوز وگریہ، حقیقت ومعرفت کی باتیں اور عارفانہ اشعار کی گونج تھی۔ حضرت امیر خورد علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں:

محبت وعشق کے کاروبار کے زمانے میں ایک بازار لگ گیا، لوگوں کو سماع کی حکایات سننے، اخلاص و

نیازمندی، شفقت ونرمی، دلجوئی، اوراہل دل کے قدموں پر سر رکھ دینے کے علاوہ کسی اور بات سے راحت نہیں حاصل ہوتی تھی۔(سیر الاولیا،ص:۵۱۰)

حاصل کلام یہ کہ خواجہ نظام الدین قدس سرہٗ نے اپنے عہد میں محبوبیت کا وہ مقام پایا تھا کہ جو بھی آپ کی مقدس وادی سے گذرتا وہ آپ کی جانب کھینچا چلا آتا اور ایمان ویقین، عمل واخلاص، عشق وعرفان کی بے بہا دولت پاتا، فردانیت وغوثیت کا وہ اعزاز حاصل تھا کہ بڑے بڑے بلندرتبہ مشائخ بھی آپ کے قدم ناز پر سر جھکانے میں فخر محسوس کرتے تھے، یہاں تک کہ اپنے خالق کی بے لوث اطاعت وبندگی اورمخلوق کے لیے جذبۂ دردمندی نے انھیں اقلیم دل کا حکمراں بنادیا تھا۔ساتھ ہی ساتھ آپ کے مرشد شیخ کبیر خواجہ فریدالدین گنج شکر قدس سرہٗ کی خاص توجہ اوران کا فیضان بھی تھا۔ ایک بار انھوں نے آپ کے لیے یہ دعافرمائی تھی کہ: تم ایسا درخت بنوگے جس کے سایے میں مخلوق کی ایک بڑی تعداد آسائش وراحت سے رہے گی۔(ایضاً)

اس پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر خلیق احمد نظامی لکھتے ہیں کہ:اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ تقریباً پچاس برسوں تک انسانوں کی ایک بڑی جماعت اور تعداد خواجہ نظام الدین اولیا کی خانقاہ میں راحت وسکون حاصل کرتی رہی، جیسے: کوئی تھکا ہارا مسافر، سورج کی گرمی اور تپش سے خستہ جان وبے حال، ٹھنڈے اور سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھ کرآرام اوراطمینان کی سانس لیتا ہے۔

(تاریخ مشائخ چشت،ص:۱۷۳)

غرض کہ محبوب الٰہی قدس سرہٗ کا روحانی فیضان ہر شخص کے لیے ظاہری اور باطنی صفائی کا بہترین ذریعہ بنا ہوا تھا۔

❑❑❑



# ظلم کے آگے کبھی سر نہ جھکے

# اور پیغام کربلا کیا ہے؟



ڈاکٹر حفیظ الرحمن

آج سید الشہدا جنتی نوجوانوں کے سردار پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے چہیتے نواسے، خاتون جنت حضرت فاطمہ کے لخت جگر حضرت مولا علی کے فرزند حضرت امام حسین علیہ السلام جن کا نام سنتے ہی ذہن میں تصور کربلا آجاتا ہے۔اورایسی شہادت کہ جو رہتی دنیا تک ظلم کے آگے سرنگوں نہ ہونے اوراسلام کی اساس دین اور روحانی پاکیزگی کو باقی رکھنے کا حوصلہ دے جاتی ہے۔

مارچ 2017 جب روضہ امام حسین پرایک بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کی اورظہرانے کے لئے جب اندرون حرم مضیف حضرت امام حسین میں کھانے کی ٹیبل پر بیٹھے تو کھانا سامنے آتے ہی ہمارے شریک سفر مولانا عبیداللہ خان اعظمی کی زبان سے بے ساختہ نکلا کہ واہ میرے امام خود تو بھوکے پیاسے شہید ہوئے اور آج لاکھوں کروڑوں کو اپنے دسترخوان سے کھلا پلا رہے ہیں اور پھر ہم سب بہت روئے۔مکہ اور مدینہ سے دین اسلام کی جو شمع روشن ہوئی اور پیغمبر اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو وحی الٰہی سنائی اس کا تحفظ ان کے نواسے حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا کی ریت پر بھوکے اور پیاسے پورے خاندان کی شہادت کے ساتھ کیا اور ایسی عظیم شہادت کہ جس میں امام حسینؓ کے چھ ماہ کے معصوم علی اصغر کی شہادت ان کی آغوش میں ہوتی ہے تو دوسری طرف امام حسین اپنے اٹھارہ سالہ نوجوان علی اکبر کی تڑپتی ہوئی لاش کو اُٹھاتے ہیں۔الغرض یکے بعد دیگرے اپنے تمام ۷۲/ جاں نثاروں کی شہادت اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھتے ہیں اور یکے بعد دیگرے سب کی لاشوں کو اٹھاتے ہیں۔تاریخ میں شاید ہی کوئی ایسا بہادر انسان نظر آئے جو اپنے پورے خاندان کو قربان ہوتا دیکھ کر بھی اپنے مشن سے ذرہ برابر متزلزل نہ ہو بلکہ مزید ثابت قدم ہوتا ہوا نظر آئے۔یہاں تک کہ وہ مقام بھی آگیا کہ جب ان کے لشکر میں سوائے ان کے گھر کی عورتیں اور ایک آخری مرد بیحد بیمار سید سجاد علی ابن امام حسینؓ امام حضرت زین العابدین ہی باقی بچے۔تب امام حسین میدان میں آئے اور جب علی شیر خدا کا شیر، شیر کی طرح یزیدی لشکر پر بجلی بن کر چمکا اور کتنے یزیدیوں کو پسپا کر دیا تو چاروں طرف سے یزیدی لشکر نے امام حسینؓ پر حملہ کیا۔یہ وہی وقت تھا جب حضرت زینب اپنے بھائی کی

حملہ کیا۔ یہ وہی وقت تھا جب حضرت زینب اپنے بھائی کی شہادت کو دیکھنے کے لئے خیمہ سے باہر نکل کر ایک اونچے مقام پر آ گئی تھیں جس کو ٹیلہ زینب کہا جاتا ہے۔ انھوں نے یزید کے درندوں کے ہاتھوں اپنے بھائی کی شہادت دیکھی اور جوں ہی آپ کا سر مبارک نیزے پر اٹھایا گیا اسی وقت حضرت زینب کی ایک چیخ نکلی اور میدان کی طرف دوڑ پڑیں جہاں امام حسین کو شہید کرنے کے بعد یزیدی ان کے لاشے پر گھوڑے دوڑا رہے تھے۔ یہ منظر دیکھ کر کسی بھی بہن کا دل پھٹ سکتا ہے۔ مگر شیر خدا کی شیر دل بیٹی نے صبر سے کام لیا۔ جا کر اپنے بھائی کے لاشے پر لیٹ گئیں اور یزیدی فوج پر لعنت برسائی۔ اس کے بعد جو کچھ ہوا، اس کی مزید تفصیل بیان کرنے کے بجائے میں زیارتِ کربلا پر آتا ہوں۔

یہ وہ مقام ہے کہ جس کے دیدار کی آرزو بچپن سے لاشعوری کے زمانے سے تھی۔ آخر وہ خواب 2016 فروری میں پہلی بار شرمندہ تعبیر ہوا۔ یہ وہ وقت تھا جب عراق میں خاص کر بغداد کے حالات اچھے نہیں تھے۔ جب پہلی بار حرم کربلا پہنچے تو آنکھیں بے قرار تھیں، دل کی دھڑکنوں میں دیار شہید اعظم کو دیکھنے کی آرزو تیز ہو رہی تھی اور جونہی سنہری گنبد و مینار حرم پر نظر گئی ایک سکتہ اور لرزہ سا طاری ہوا، آہیں بلند ہوئیں، دعاؤں کو ہاتھ اٹھے اور امام کی بارگاہ میں سلامی پیش کی اور باب القبلہ تک پہنچے تو گیٹ ہی پر سلام سجدہ ادا کرنے سے اپنے آپ کو روک نہیں سکا۔ یہاں پر حاضری کے بعد جو مشن تھا، اس کے تحت وہاں کی ذمہ دار قیادت اور میڈیا سے ملاقاتیں ہوئیں۔ ان حسینیوں سے بھی ملاقاتیں ہوئیں جو آج کے یزیدی دہشت گردوں (isis) سے لڑ رہے تھے۔ اپنے ملک اور ایمان و عزت کی آزادی کے لئے اور ان مظلوموں سے بھی ملاقاتیں ہوئیں جو موجودہ یزیدیت (isis) کے شکار ہوئے ہیں اور لشکر حسین کی طرح بے گھر کر دئے گئے ہیں، جن کا انتظام و انصرام روضہ امام حسین کی جانب سے کیا جا رہا تھا۔ یہاں یہ بات ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ بے پناہ مہمان نوازی اور اعلی ترین انتظام کے باوجود کربلا میں ہم لوگ اکثر پیاسے رہے، جب کہ پانی ہر میٹنگ سے لے کر ہماری گاڑیوں تک میں ہوتا تھا۔ مگر پیاس شہدائے کربلا کی پیاس اور نہر فرات کی بدنصیبی کی یاد دلاتی رہی۔ آخر اس نہر فرات کو بھی دیکھا جس کا پانی شہدائے کربلا کے لبوں تک نہ پہنچ سکا۔ اس کے کنارے لوگ بیٹھے ہوتے ہیں، مگر کوئی اس کا پانی نہیں پیتا اور ان خیموں کے مقام کو بھی دیکھا جن کو شہادت امام حسین کے بعد اُجاڑ دیا گیا تھا۔ جہاں خواتین اہل بیت اور عابد بیمار تھے۔ وہاں نماز ظہر بھی ادا کی تو خیال آیا کہ امام حسین نے بھی نماز ظہر اسی مقام پر ادا کی تھی۔ اس کے بعد تقریباً عصر کے وقت ٹیلہ زینب کو دیکھا تو ایک چیخ سی نکل پڑی اور روضہ امام حسین اور خیموں کے درمیان ٹیلہ زینب نے پوری تاریخ کربلا بیان کر دی۔

❑❑❑

(مضمون نگار خسرو فاؤنڈیشن کے کنوینر ہیں)



# مسلم ذہن کی صوفی تشکیل

ذیشان احمد مصباحی

بیسویں صدی میں اسلام کی سیاسی تعبیر وتشریح اور جہادی جدوجہد کی مکمل ناکامی کے بعد اب ضروری ہو گیا ہے کہ مطلوبہ مقاصد کی تحصیل کے لیے مسلم ذہن کی صوفی تشکیل کی جائے۔ حالات کا تجزیہ بتاتا ہے کہ اب مسلمانوں کے پاس اس کے سوا چارۂ کار نہیں ہے- واضح رہے کہ صوفی تشکیل سے مراد زندگی سے فرار، خودسپردگی اور عدم جدوجہد نہیں ہے- صوفی تشکیل سے مراد مسلم ذہن کو اس حکمت سے آشنا کرنا ہے جو اس کی گم شدہ دولت ہے۔ مسلم ذہن کی صوفی تشکیل دراصل ناموافق حالات میں روشنی کی موافق شمع روشن کرنے کی حکمت سے عبارت ہے- یہ وہی شمع ہے جس نے پیغمبر علیہ السلام کے مکی عہد کے انتہائی ناسازگار ماحول میں صدیق وعمر اور علی وعثمان جیسے معماران امت پیدا کر دیے اور ابوجہل اور ابولہب جیسے فسادیوں سے اعراض اور صرف نظر کا طریقہ بتایا مسلم ذہن کی صوفی تشکیل سے ہماری پہلی مراد یہ ہے کہ مسلم ذہن کو یہ بات سمجھ میں آجائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح قریۂ مکہ میں تھے آج مسلمان اسی طرح عالمی قریہ Global Village میں ہیں۔ ایسے میں مسلمانوں کے لیے حکمت و دانائی اور سعی وعمل کا صرف ایک ہی ماڈل Valid ہے اور وہ ہے سیرت رسول کا مکی ماڈل۔ سیرت رسول کے ماڈل کو اپنائے بغیر وقت کے ابوجہلوں اور ابولہبوں کے شر سے بچنا ناممکن ہے۔ موجودہ عہد کو زیادہ سے زیادہ ابتدائی مدنی عہد کے مشابہ قرار دیا جا سکتا ہے، جب مسلمان دیگر قوموں کے ساتھ معاہدوں کے تحت اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے تھے۔ البتہ اس بات کو بہرحال ذہن میں نقش کالحجر ثبت کرنا ہوگا کہ مدنی ریاست کی تشکیل کے بعد مسلمانوں کی جو صورت حال پیدا ہوئی، آج مسلمان اس پوزیشن میں نہیں ہیں۔ اس نکتے کو تمام تر سیاسی، سماجی اور تمدنی مسائل ومباحث میں زیر غور رکھنا ہوگا۔

اس وقت مسلمانوں کو غیر مسلم ملکوں اور قوموں کے ساتھ پرامن معاہدے کرنے ہوں گے اور پھر ان معاہدوں کا مکمل احترام کرنا ہوگا۔ ظاہر سی بات ہے کہ یہ معاہدے اسلام کے مثالی ریاستی اصولوں پر نہیں ہو سکتے،

اس لیے اس مقام پر فقہا اور حکام کو چاہیے کہ اسلام کے حکم مثالی کے بجائے حکم ضروری کا تعین کریں۔ شریعت اسلامی میں حکم ضروری وہ حکم کہلاتا ہے جو زمان و مکان کے بدلے ہوئے حالات میں ممکن ہوتا ہے: لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرۃ:۲۸۶)

**الضرورات تبیح المحظورات کے تحت**

فقہ اسلامی اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ ہر وقت مسلمان اسلام کے حکم مثالی کے مکلف نہیں ہیں، بلکہ حسب ضرورت حکم ضروری پر بھی عمل کرنا مطلوب شریعت کو فوت نہیں کرتا۔ بہرکیف! غیر مسلم قوموں اور حکومتوں کے ساتھ مسلم حکومتوں کا امن معاہدے کرنا اور ان کا احترام کرنا عین مقتضائے شریعت ہے۔ اس قسم کا معاہدہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ مساوی شرائط پر ہی ہو، اگر کبھی بعض دفعہ بظاہر دب کر معاہدہ کرنا پڑے تو اس وقت بھی صلح حدیبیہ کی سنت کو تازہ کرتے ہوئے مسلمانوں کو پیچھے نہیں ہٹنا چاہیے۔ قیام امن و محبت کے حوالے سے مسلمانوں کا غیر مشروط رویہ ہی اسلام اور مسلمانوں کے تعلق سے عالمی غلط فہمیوں کا ازالہ کر سکتا ہے۔

بادشاہت ہو کہ جمہوریت، دونوں ہی اسلام کی مطلوبہ طرز حکومت نہیں ہیں۔ اسلام کی مثالی طرز حکومت شورائی خلافت ہے جس کا سلسلہ سیدنا حسن مجتبیٰ کے بعد منقطع ہو چکا ہے۔ اس کے بعد بعض استثنائی واقعات سے قطع نظر مسلمانوں کے یہاں ہمیشہ بادشاہت قائم رہی، جو خلافت تھی وہ بھی لفظی تھی، حقیقی معنوں میں وہ بادشاہت ہی کی بدلی ہوئی شکل تھی۔ مسلمان صدیوں سے اس طرز حکومت کو گلے لگائے ہوئے ہیں، اس لیے آج اگر حالات کے جبر نے جمہوریت کو غالب کر دیا ہے تو ایسے میں جمہوریت کو قبول کرنا بھی ان کے لیے کوئی نا قابل معافی گناہ نہیں ہے۔ مسلمان جن ملکوں میں اکثریت میں ہوں وہاں اسلامی جمہوریہ قائم کریں اور قرآن اور دین کی بالادستی کے ساتھ مسلکی اختلافات کو گوارا کریں اور جن ملکوں میں اقلیت میں ہوں وہاں دستور حکومت اور پارلیمنٹ کا مکمل احترام کریں اور ایسے ملکوں میں شریعت اسلامی کے مشترکہ مفاد کے لیے مسلکی ترجیحات سے بلند ہو کر جمہوری جدوجہد کریں۔ ان کا جو بھی احتجاج ہو وہ جمہوریت کے احترام کے ساتھ ہو، جمہوریت سے بغاوت کر کے وہ اپنا مطلوب ہرگز حاصل نہیں کر سکتے۔ اس صورت میں انہیں جو کچھ حاصل ہوگا وہ اضطراب مزید کی شکل میں ہی ہوگا۔

پیغمبر اسلام ﷺ نے اپنی دعوت صداقت و امانت کے عملی اظہار سے کیا تھا۔ صوفیائے کرام نے بھی اسی قوت سے دلوں کو مسخر کیا۔ بدقسمتی سے آج مسلمانوں کی شناخت کذب اور بے امانتی سے ہو گئی ہے۔ ہمیں ایک بار پھر صداقت و امانت کا سبق تازہ کرنا ہوگا اور اپنے تئیں پھیلی ہوئی غلط فہمیوں کا عملاً ازالہ کرنا ہوگا۔ صداقت و امانت کے حوالے سے ہمیں شخصی طور پر بھی اپنے کو درست کرنا ہوگا اور قومی سطح پر بھی صداقت اور

ایفائے عہد کے حوالے سے اپنی شناخت قائم کرنی ہوگی۔ہم جب قومی سطح پر دوسری قوموں سے بات کریں تو سچ بولیں، وعدے نبھائیں اور امانت کے تقاضے پورے کریں۔جدید دنیا میں جمہوری ریاستوں میں ایک وفادار اور راست باز شہری بن کر ہم یہ کام مکمل کر سکتے ہیں۔ہمیں ہراس رویے سے بچنا ہوگا جس سے ہماری ملکی وفاداری مشکوک ہو۔اپنے ملک اور وطن کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔جمہوری ریاستوں میں صرف فریادی نہ بنیں، ملک کے معمار اور Donator بنیں۔

پیغمبر اسلام جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قرآن پاک میں **رحمة للعالمین** کے الفاظ آئے ہیں جب کہ ذات باری تعالیٰ کے لیے **ارحم الراحمین** کے الفاظ وارد ہوئے ہیں۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے **الخلق کلھم عیال اللہ** (۱) فارمولہ دیا اور بلاتفریق مذہب وملت، غربت، ظلم، قتل وغارت، بھوک مری اور مرض وتکلیف کے خلاف جدوجہد کو کارثواب بتایا۔آپ نے انسانوں ہی نہیں حیوانوں کے ساتھ بھی بلکہ نباتات کے ساتھ بھی حسن سلوک کے اسباق دیے اور ان پر پہلے خود عمل کیا۔صوفیہ نے اسی سنت سے **تخلقوا باخلاق اللہ** کا اصول وضع کیا۔آج مسلمانوں کی صورت حال یہ ہے کہ وہ آپس میں ہی ایک دوسرے کے قتل کے درپے ہیں۔بعض نام نہاد متصوفین بھی ایسے ہیں جن کے اخلاق اور حسن سلوک کا دائرہ صرف ان کے ہم مسلک اور ہم مشرب لوگوں تک سمٹ گیا ہے۔مسلمانوں کو اپنے ذہن میں یہ بات تازہ کرنی ہوگی کہ وہ **رب العالمین** اور **ارحم الراحمین** کے بندے اور **رحمة للعالمین** کی امت ہیں۔اخلاقی تنگ نظری کے ساتھ نئے عہد میں اسلام کی کوئی خدمت نہیں کر سکتا۔خدمت انسانیت جس کا سبق اسلام نے صدیوں پہلے پڑھایا، آج سے Universal Truth کے طور پر عالمی سطح پر تسلیم کر لیا گیا ہے۔ایسے میں اگر مسلمان ہی یہ سبق بھول جائیں تو باعث حیرت وافسوس ہے۔خدمت انسانیت، خدمت اسلام کی بنیاد ہے۔انسانیت کی خدمت کے بغیر اسلام کی ہمہ گیر خدمت کا کوئی تصور نہیں کیا جا سکتا۔

قرآن کریم کی ایک آیت ہے :**وَجَاهِدْهُمْ بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا** (الفرقان: ۵۲) (ان سے قرآن کے ذریعے بڑا جہاد کرو۔) آیت کریمہ کی یہ توضیح ابن عباس کی ہے۔(ابن کثیر) ظاہر سی بات ہے کہ قرآن کے ذریعے گردنیں تو نہیں کاٹی جا سکتیں، ذہنی شبہات کا ازالہ اور قلبی وسوسوں کا علاج ہی کیا جا سکتا ہے۔گویا اس آیت میں جہاد بالقرآن کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔اس سے پہلے کی آیات اس طرح ہیں:

”اللہ کی ہی وہ ذات ہے جس نے اپنی بارش رحمت کے آگے ہواؤں کو نوید بنا کر بھیجا تو اکثر منکر ہوگئے۔ اگر ہم چاہتے تو ہم ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیجتے، لہٰذا کافروں کی اطاعت نہ کریں

(۱) (**اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللهِ، فَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَى اللهِ مَنْ أَحْسَنَ إِلَى عِيَالِهِ** (المعجم الاوسط، باب المیم، من اسمہ محمد)

اوران کے خلاف قرآن سے جہاد کریں۔"

یہاں جہاد بالقرآن سے پہلے علمی دلائل وشواہد کا تذکرہ ہوا ہے۔اس پس منظر میں جہاد بالقرآن کا اطلاق وسیع مفہوم میں علمی جہاد پر کیا گیا ہے۔آج جب کہ عوامی قتال وخون خرابے کے خلاف عالمی رائے عامہ ہموار ہوگئی ہے،اس کے ساتھ آزادیٔ رائے اور آزادیٔ اظہار رائے کا حق بنیادی حق انسانی کے طور پر تسلیم کرلیا گیا ہے، جہاد بالقرآن یا جہاد علمی کے لیے پوری راہ ہموار ہوچکی ہے۔جولوگ قرآنی صداقتوں پر ایمان رکھتے ہیں اورتلوار کی قوت سے زیادہ قرآن کی طاقت پر یقین رکھتے ہیں، ان کے لیے موجودہ عہد میں پورا موقع ہے کہ وہ مکمل تن دہی اورانہاک کے ساتھ جہادقرآن یا جہادعلمی میں مصروف ہوجائیں اورجن حضرات کو اپنی دلائل کی قوت پر یقین نہیں ہے ان کو بھی اس حقیقت کو سمجھ لینی چاہیے کہ تلواروں کی جھنکاراورتوپوں کی گرج زیادہ دیر تک اپنے اثرات قائم نہیں رکھ سکتی،خصوصاً یہ بات اگر اس قوم کو نہ سمجھ میں آئے جو جنگ کے نام پرخودکشی کے لیے آمادہ ہےتو پھراس کی عظمت وبقا کے سوال پرہمیں فاتحہ پڑھ لینی چاہیے۔

قرآنی تصورحیات میں ایمان کے بعدعمل صالح کو بڑی اہمیت ہے۔صوفیہ کے یہاں عمل صالح کے دو پہلو ہیں،عبادت حق اور خدمت خلق۔صوفیہ خلق خدا کے لیے ہمیشہ نفع رساں رہے ہیں۔انہوں نے اسلام کی دعوت بعد میں دی ہے اورخلق خدا کے لیےنفع بخشی اورفیض رسانی کا کام پہلے کیا ہے۔اپنی وفات کی صدیوں بعد بھی اگر صوفیہ دلوں پر راج کررہے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ قرآن کے تصور بقا پرقائم رہے ہیں۔سورۂ رعد کی آیت نمبر ۱۷ میں قرآن کا اصول بقا اس طرح ہے: جوجھاگ ہوتا ہے وہ خشک ہوکر ہوا میں اڑ جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے لیے نفع بخش ہوتی ہے وہ زمین میں باقی رہتی ہے۔

صوفیہ اسی اصول کے تحت خلق خدا کے لیے ہمیشہ نفع بخش رہے ہیں۔اس وقت مسلمان اگرخلق خدا کے دلوں پر راج کرنا چاہتے ہیں تو ان کے لیے بھی وہی اصول فیض رسانی Valid ہوگا جوقرآنی اصول صوفیہ کے لیے Valid تھا۔اب سوال یہ ہے کہ اس وقت مسلمانوں کی کیا پوزیشن ہے؟ کیا وہ اس پوزیشن میں ہیں کہ اپنے وجود سے دوسری قوموں کے لیے نفع بخش ہوسکیں؟ اس سائنسی، تکنیکی اورابلاغی عہد میں فیض رسانی کے محاذ کیا کیا ہیں اور کیا مسلمان ان محاذوں میں سے کسی محاذ پر موجود ہیں؟ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ مسلمانوں کا ذہن احتجاج، سوال اورمطالبات جیسے الفاظ سے پر ہے۔مسلمان امتی سطح پر Donator کی جگہ Reciever ہوگئے ہیں۔ زندگی کی نئی دوڑ میں جب تک مسلمان فعال کردارادا نہیں کرتے ، ان کی بھکاری اور فریادی والی کیفیت تبدیل نہیں ہوسکتی۔غریب مسلمانوں کے ذہنوں کو غلط جہادی فلسفوں سے مسموم کرکے ان کو خودکشی کے لیے تیار کرنے کے بجائے ان کی فکروں میں علم وتعلیم کی روشنی بھر کے انہیں زندگی کے لیے تیار کرنا ہوگا جنت کے

خواب میں خودکش حملے ناکام ہو چکے ہیں۔ اب تصور دین و دنیا میں اعتدال کے ساتھ اخروی حسنات کے حصول کے ساتھ دنیوی حسنات کے حصول کے لیے بھی ان کی فکر کو مہمیز کرنا ہوگا۔

المختصر یہ کہا جاسکتا ہے کہ دین کی سیاسی تعبیرات پر صدی ڈیڑھ صدی سے جو فکر تیار ہوئی وہ اب اپنی موت مر رہی ہے۔ اب اقبال کے لفظوں میں کائنات کی روحانی تعبیر، فرد کے روحانی استخلاص اور روحانی بنیادوں پر عالم گیر سماج کی تشکیل وقت کی ضرورت بن گئی ہے۔ مسلم ذہن کی اس تشکیل میں امور بالا کی پاسداری کے ساتھ مسلکی تشدد سے نجات، تکفیری رجحانات کی حوصلہ شکنی، جمہوری حکومتوں سے تصادم کے بجائے تعاون کی پالیسی، مسلکی فکر کے ساتھ ساتھ امتی سطح پر اہل قبلہ کی فلاح و بہبود کی منصوبہ بندی، فقہی توسع کی بحالی، فروعی اختلافات میں رواداری، صوفی مشرب محبت کا فروغ، کلامی اور فقہی مباحث میں اعتدال کے لیے امام غزالی اور امام شعرانی کے افکار و خیالات کی اشاعت، حدیث افتراق امت کے تعلق سے مسلک جمہور کی ترویج، امت مسلمہ کا احترام، انسانیت کے حوالے سے اسلامی تعلیمات اور صوفیانہ روایات کا احیا، محبت و مناظرہ کی جگہ موعظت حسنہ اور حکمت و دعوت اور سب سے بڑھ کر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلق عظیم سے فتح و تسخیر کے فارمولے اپنانے ہوں گے۔

واضح رہے کہ یہ عظیم مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک دین کے سیاسی تعبیرات کی شدت پسندی کو مسترد کرنے کے ساتھ اس کے رد عمل میں اہل تصوف کے یہاں جو منفی ذہن تیار ہوا ہے، اس کو بھی یکسر مسترد نہ کردیا جائے۔ نئے حالات میں معاصر صوفیہ کا ذہن بھی ناکام ہے۔ موثر صرف ایک ذہن ہے اور وہ ہے صوفی ذہن جس کی اصل خلق محمدی اور روح انسانی ہے۔

❑❑❑



# صالحین کی قبروں سے تبرک اور ہمارے اسلاف



مولانا ضیاء الرحمٰن علیمی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور بزرگوں کے آثار میں جس طرح ان کے کپڑے شامل ہیں اسی طرح وہ تمام چیزیں شامل ہیں جن سے ان کا کسی بھی طرح تعلق ہو، اور قبروں کا بھی قبر والوں سے تعلق ہوتا ہے، اس لیے ان کی قبریں بھی ان کے آثار میں شامل ہیں، اس کی دو وجہیں ہیں:

● ایک یہ ہے کہ آثار کے معنی نشانی کے ہوتے ہیں اور یہ قبریں صاحب قبر کی نشانیاں ہیں، ان کے ذریعے ہم قبر والوں کو پہچانتے ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ یہ فلاں کی قبر ہے۔

● دوسری یہ ہے کہ یہ قبریں ان کے مقدس جسموں کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہیں، اس لیے معلوم ہوا کہ قبریں بھی آثار میں سے ہیں اور بالعموم آثار سے برکت حاصل کرنے کے جواز پر ہم دلائل ذکر کر چکے ہیں، لہٰذا اِنھی دلائل سے قبروں سے برکت حاصل کرنے کا جواز بھی ثابت ہوجاتا ہے۔

آئندہ سطور میں ہم بالخصوص قبروں سے تبرک کے جواز پر معتبر احادیث سے دلائل ذکر کریں گے تاکہ مسئلہ بالکل واضح ہوجائے۔

جو شخص قبروں سے برکت حاصل کرتا ہے وہ کبھی کبھی غلبۂ حال میں قبروں سے لپٹ جاتا ہے اور وہاں لوٹنے لگتا ہے، اس لیے پہلے ہم یہ معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اضطراب و پریشانی کی حالت میں قبروں سے لپٹ جائے تو کیا یہ شرکیہ عمل ہے؟

اس سلسلے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ایک حدیث بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِہٖ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ عَلَى الْقَبْرِ فَيَتَمَرَّغُ عَلَيْهِ، وَيَقُولُ: يَالَيْتَنِي كُنْتُ مَكَانَ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ۔

(مسلم، باب لاتقوم الساعة حتی یمر الرجل بقبر)

ترجمہ: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! دنیا اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک کہ یہ نہیں ہوگا کہ انسان قبر کے پاس سے گزرے گا، اور وہ قبر سے لپٹ کر اور خاک آلود ہوکر یہ کہے گا کہ کاش! میں اس قبر والے کی جگہ ہوتا۔ اس حدیث کو شیخ اَلبانی نے بھی صحیح قرار دیا ہے۔ (صحیح ابن ماجہ: ۵۷۸)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر سے

لپٹنا،اس کی خاک میں اپنے آپ کو آلودہ کرنا ، یہ کوئی شرکیہ عمل نہیں ورنہ فتنوں کے ظہور کے وقت اپنے دین کی فکر جو پسندیدہ عمل ہے اس کے ضمن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس عمل کا تذکرہ نہ فرماتے تھے۔

اب صحابہ کرام کے عمل سے قبروں سے برکت کے جواز پر دلائل پیش کیے جاتے ہیں:

ا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خزانچی حضرت مالک الدار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں قحط پڑا تو ایک شخص نبی کریم ﷺ کی قبرانور پر حاضر ہوا اور عرض کی:

يَارَسُوْلَ اللهِ! اِسْتَسْقِ لِأُمَّتِكَ، فَإِنَّهُمْ قَدْ هَلَكُوْا، فَأُتِيَ الرَّجُلُ فِي الْمَنَامِ،فَقِيْلَ اِئْتِ عُمَرَ، فَاقْرَئْهُ السَّلَامَ وَأَخْبِرْهُ إِنَّكُمْ مُسْقُوْنَ۔

(مصنف بن ابی شیبہ، باب: ماذکر فی فضل عمر بن خطاب)

ترجمہ: یارسول اللہ! اپنی امت کے لیے بارش کی دعا فرمائیں، کیوں کہ وہ ہلاکت کے دہانے پر ہے، پھر اس شخص کو نیند آ گئی اور اُسے خواب میں کہا گیا کہ تم عمر کے پاس جاؤ، ان کو میرا سلام پیش کرو اور ان کو خبر کردو کہ بارش ہوگی۔

اس حدیث کی سند کو حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں صحیح قرار دیا ہے۔(کتاب الاستسقاء، باب سوال الناس الامام الاستسقاء اذا قحطوا)

اس حدیث میں اس بات کا ذکر ہے کہ بارش کی دعا کے لیے ایک شخص قبرانور پر حاضر ہوا، پھر اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ندا دی۔حاضر ہونے والے شخص حضرت بلال بن حارث مزنی صحابی تھے۔اس حدیث سے جہاں استغاثے کے جواز کا ثبوت ملا وہیں قبروں سے برکت حاصل کرنے کے جواز کا بھی، وہ اس طرح کہ استغاثے کے لیے قبرانور پر حاضری ضروری نہیں تھی لیکن آنے والے شخص نے قبرانور پر حاضر ہوکر پہلے گویا قبر سے تبرک کیا، اس محترم قبر کے وسیلے سے رب تعالیٰ کے خیر کثیر کو تلاش کرنے کی کوشش کی اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے استغاثہ کیا۔

ایک اور حدیث میں داؤد بن ابوصالح سے مروی ہے کہ ایک دن مروان نے دیکھا کہ ایک شخص اپنا چہرہ قبرانور پر رکھے ہوئے ہے، یہ دیکھ کر اُس نے کہا کہ تم کو معلوم ہے کہ تم کیا کر رہے ہو؟ جب وہ شخص مروان کی طرف متوجہ ہوا تو معلوم ہوا کہ وہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ ہیں۔چنانچہ مروان کی یہ بات سن کر اُنھوں نے فرمایا:

نَعَمْ جِئْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ آتِ الْحَجَرَ۔ (مستدرک للحاکم، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: ہاں! مجھے معلوم ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا ہوں، کسی پتھر کے پاس نہیں۔

امام حاکم نے اس حدیث کو ''مستدرک''میں صحیح قرار دیا ہے اور ذہبی نے ان کی تصحیح کو باقی رکھا ہے اور کوئی جرح نہیں کی ہے۔(المستدرک مع تعلیقات الذہبی فی التلخیص، کتاب الفتن والملاحم)

اس حدیث میں جلیل القدر صحابی کے عمل سے اس

بات کا واضح ثبوت ملتا ہے کہ صالحین کی قبروں سے برکت حاصل کرنا اور اِس نیت سے قبر پر چہرہ رکھنا جائز ہے، اگر یہ عمل شرک ہوتا تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کبھی بھی ایسا عمل نہ کرتے۔

ایک اور حدیث پاک ہے جس میں عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بیان کرتے ہیں: رَأَيْتُ أُسَامَةَ يُصَلِّي عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَخَرَجَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ فَقَالَ: تُصَلِّي إِلٰى قَبْرِهٖ؟ قَالَ: إِنِّي أُحِبُّهٗ۔ (صحیح ابن حبان، باب ذکر بغض اللہ الفاحش والمتفحش)

ترجمہ: میں نے حضرت اسامہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبرانور کے پاس نماز پڑھتے ہوئے دیکھا، اتنے میں مروان نکلا اور اُس نے کہا کہ تم قبرنبوی کے پاس نماز پڑھ رہے ہو؟ حضرت اسامہ نے جواب دیا کہ مجھے ان سے محبت ہے۔

اس حدیث پاک میں حضرت اُسامہ بن زید مشہور صحابیٔ رسول کے عمل سے ثابت ہوا کہ انھوں نے قبرنبوی کے پاس نماز ادا فرمائی اور اُن کا یہ نماز پڑھنا تبرک کے طور پر تھا۔ اس پر دلیل ان کا آخری جملہ إِنِّي أُحِبُّهٗ ہے (یعنی مجھے ان سے محبت ہے)۔

ایک اور حدیث ہے جس میں حضرت سیدنا امام علی زین العابدین بن حسین رضی اللہ عنہما اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہیں: أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ كَانَتْ تَزُوْرُ قَبْرَ عَمِّهَا حَمْزَةَ كُلَّ جُمُعَةٍ فَتُصَلِّي وَتَبْكِي عِنْدَهٗ۔

(مستدرک للحاکم، کتاب الجنائز)

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ہر جمعہ کو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر پر حاضر ہوتیں، قبر کے پاس نماز پڑھتیں اور روتیں۔

اس حدیث کے بارے میں امام حاکم نے فرمایا ہے کہ اس کے رجال آخر سے ثقہ ہیں۔

ایک اور حدیث ہے جس میں حضرت اوس بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ اہل مدینہ پر سخت قحط پڑا، لوگوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس قحط کا شکوہ کیا، یہ سن کر اُنھوں نے فرمایا: اُنْظُرُوْا قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاجْعَلُوْا مِنْهُ كُوًى إِلَى السَّمَاءِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ السَّمَاءِ سَقْفٌ۔

(سنن دارمی، باب ما اکرم اللہ نبیّہ بعد موتہ)

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرانور کو دیکھو اور اُس میں آسمان کی جانب سوراخ اس طرح کردو کہ قبر نبوی اور آسمان کے درمیان چھت حائل نہ رہے۔

اس حدیث کے راوی بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے ویسا ہی کیا جس طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا، چنانچہ اتنی بارش ہوئی کہ سبزے اور گھاس اُگ آئے اور اونٹ فربہ ہو گئے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب ہدایۃ الرواۃ فی تخریج احادیث المشکاۃ (۵/ ۳۲۶) میں اس حدیث کو ذکر کر کے سکوت کیا ہے اور مقدمے میں ان کے بیان کردہ منہج سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی سند حسن ہے۔

اس حدیث سے واضح طور پر یہ ثابت ہو گیا کہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے قبر نبوی سے ایک سوراخ آسمان کی جانب کرنے کا حکم دے کر بارش کے لیے قبر نبوی سے برکت حاصل کرنے کی تعلیم دی۔

مذکورہ بالا احادیث کریمہ کی روشنی میں صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے عمل سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ صالحین کی قبروں سے برکت حاصل کرنا بلاشبہ جائز ہے اور اِس میں شرک کا کوئی شائبہ نہیں، کیوں کہ صحابۂ کرام شرک کو مٹانے والوں کے سردار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی درسگاہ کے تربیت یافتہ تھے، ان سے یہ تصور بھی نہیں کیا جاسکتا کہ وہ کوئی ایسا عمل کریں گے جو شرک یا شرک کی طرف لے جانے والا ہوگا۔

صالحین کی قبروں پر دعا عنوان سے اسلاف کے جو واقعات کتب تاریخ وسوانح میں ملتے ہیں ان سے جہاں صالحین کی قبروں پر دعا کا جواز ثابت ہوتا ہے وہیں صالحین کی قبروں سے برکت حاصل کرنے کا عقیدہ بھی ثابت ہوتا ہے، کیوں کہ ان تمام واقعات میں صالحین کی قبروں کی زیارت اور پھر اس مقام پر خصوصیت کے ساتھ دعا کا ذکر ملتا ہے۔ ویسے دعا تو کہیں بھی کی جاسکتی ہے اور صالحین کا وسیلہ لینے کے لیے بھی ان کی قبروں پر جانا ضروری نہیں، بلکہ دور رہ کر بھی انھیں وسیلہ بنایا جاسکتا ہے لیکن خاص طور سے قبروں پر حاضر ہوکر دعا کرنا یہ ثابت کرتا ہے کہ ہمارے اسلاف نے اس جگہ کی برکت اور صالحین کے جسموں کو سمیٹے ہونے کی وجہ سے خود ان قبروں کی برکت حاصل کرنے کا ارادہ کیا اور صالحین کی قبروں کے واسطے سے رب تعالی کے خیر کو تلاش کرنے کی کوشش کی۔

خود شیخ ابن تیمیہ بھی قبروں پر دعا سے منع کرنے کے باوجود اِس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ صالحین کی قبریں برکت والے مقامات ہیں۔ اپنی مشہور کتاب ''اقتضاء الصراط المستقیم'' میں لکھتے ہیں:

وَكَذٰلِكَ مَا يُذْكَرُ مِنَ الْكَرَامَاتِ،وَخَوَارِقِ الْعَادَاتِ الَّتِي تُوجَدُ عِنْدَ قُبُوْرِ الْأَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ مِثْلَ نُزُوْلِ الْأَنْوَارِ وَالْمَلَائِكَةِ عِنْدَهَا وَتَوَقِّي الشَّيٰطِيْنِ وَالْبَهَائِمِ لَهَا، وَاِنْدَفَاعُ النَّارِ عَنْهَا وَعَمَّنْ جَاوَرَهَا، وَشَفَاعَةُ بَعْضِهِمْ فِي جِيْرَانِهٖ مِنَ الْمَوْتٰى، وَاِسْتِحْبَابُ الْاِنْدِفَانِ عِنْدَ بَعْضِهِمْ،وَحُصُوْلُ الْأُنْسِ وَالسَّكِيْنَةِ عِنْدَهَا،وَنُزُوْلُ الْعَذَابِ بِمَنْ اِسْتَهَانَهَا، فَجِنْسُ هٰذَا حَقٌّ۔ (جلد:۲،النوع الثانی،ص:۷۳۶)

ترجمہ: یوں ہی انبیا و صالحین کی قبروں کے پاس ظاہر ہونے والی کرامتیں اور محیر العقول باتیں مثلا وہاں پر انوار کا نازل ہونا، فرشتوں کا اُترنا، شیاطین اور جانوروں کا ان کی قبروں سے دور رہنا، ان کا اور ان کے پڑوسیوں کا آگ سے محفوظ رہنا، اُن کے پڑوس میں رہنے والے مردوں کے حق میں ان کا شفاعت کرنا، اُن کے جوار میں دفن کا مستحب ہونا، وہاں اُنس وسکینہ کا نازل ہونا اور اُن کی قبروں کی بے حرمتی کرنے والوں پر عذاب کا نازل ہونا، اس طرح کی دوسری باتیں برحق ہیں۔

مزید آگے لکھتے ہیں: وَمَا فِي قُبُوْرِ الْأَنْبِيَاءِ

وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ كَرَامَةِ اللهِ وَرَحْمَتِهٖ، وَمَالَهَا عِنْدَ اللهِ مِنَ الْحُرْمَةِ وَالْكَرَامَةِ فَوْقَ مَا يَتَوَهَّمُهٗ أَكْثَرُ الْخَلْقِ۔

ترجمہ: انبیا اور صالحین کی قبروں پر جو اللہ تعالیٰ کی جانب سے کرامت ورحمت ہے اور اُن کی قبروں کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جو مقام ومرتبہ حاصل ہے وہ اکثر لوگوں کے وہم وگمان سے بڑھ کر ہے۔

شیخ ابن تیمیہ کی ان تصریحات سے یہ بات تو روشن ہوجاتی ہے کہ انبیا وصالحین کی قبروں پر برکتوں کا نزول ہوتا ہے اور یہ برکت والے مقامات ہیں، کیوں کہ اصطلاح شریعت میں برکت یہ ہے کہ کسی چیز میں رب تعالیٰ کی جانب سے خیر کا ہونا ثابت ہوجائے، اور اس بنا پر اس سے برکت حاصل کرنے کی کوشش کی جائے، اس لیے اب اگر کوئی بندۂ مومن انبیا وصالحین کی قبروں پر پائی جانے والی برکتوں اور رحمتوں کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو یہ کوئی شرکیہ عمل نہیں، بلکہ درحقیقت اس حدیث پاک پر عمل کرتا ہے جس میں یہ فرمایا گیا ہے: إِنَّ لِلّٰهِ فِي أَيَّامِ دَهْرِكُمْ نَفَحَاتٍ أَلَا فَتَعَرَّضُوْا لَهَا۔

(معجم کبیر، محمد بن مسلمہ انصاری)



ترجمہ: تمہارے زمانے کے اوقات میں رب تعالیٰ کی خوشبوئیں ہیں، اس لیے تم ان کو حاصل کرنے کی کوشش کرو۔

یہ خوشبوئیں رب تعالیٰ کی رحمتوں اور برکتوں کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں۔ اسی لیے صحابۂ کرام کے علاوہ ہمارے دیگر اسلاف کرام نے انبیا و صالحین کی قبروں سے برکت حاصل کیا اور اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔ ان میں سے چند کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

## ۱۔ امام احمد بن حنبل (۱۶۴-۲۴۱ھ)

امام احمد بن حنبل بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کو بطور تبرک چومنے کے جواز کے قائل ہیں۔

حافظ ذہبی اپنی ''معجم الشیوخ'' میں فرماتے ہیں: وَقَدْ سُئِلَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ عَنْ مَسِّ الْقَبْرِ النَّبَوِيِّ وَتَقْبِيْلِهٖ فَلَمْ يَرَ بِذٰلِكَ بَأْسًا، رَوَاهُ عَنْهُ وَلَدُهٗ عَبْدُ اللهِ۔ (ذکر احمد بن عبد المنعم، ص:۵۶)

ترجمہ: امام احمد بن حنبل سے قبر نبوی کو چھونے اور چومنے کے بارے میں سوال کیا گیا تو اُنھوں نے اس عمل میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔ اس قول کو اُن کے صاحبزادے عبد اللہ نے روایت کیا ہے۔

قبروں سے برکت حاصل کرنا اور ان کو بوسہ دینے میں اگر شرک کا کوئی شائبہ بھی ہوتا تو کیا احمد بن حنبل جیسے کتاب وسنت کے امام کو اِس کا علم نہ ہوتا؟

## ۲۔امام ابن مکندر (مابعد ۱۳۰-۱۳۰ھ)

امام حافظ وقدوۃ شیخ الاسلام ابوعبداللہ قرشی مدنی نے صحابۂ کرام کی ایک جماعت سے حدیث کی روایت کی، نیز سفیان بن عیینہ، سفیان ثوری، اوزاعی، ابوحنیفہ، مالک، جعفر صادق جیسے ائمہ کرام نے ان سے حدیث روایت کی۔

امام ابن مکندر کا مقام ومرتبہ ذکر کرنے کے بعد حافظ ذہبی لکھتے ہیں: مصعب بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے اسمٰعیل بن یعقوب تیمی نے بیان کیا کہ ابن مکندر اپنے اصحاب کے ساتھ بیٹھے ہوتے تو کبھی کبھی ان کی زبان گنگ ہوجاتی۔ چنانچہ وہ اسی حالت میں اٹھ جاتے اور قبر نبوی پر جاکر اپنا رخسار رکھ دیتے، پھر لوٹ آتے، اس پر لوگوں نے کچھ نامناسب باتیں کیں تو آپ نے فرمایا کہ مجھے گنگ ہونے کا خطرہ محسوس ہوتا ہے تو میں قبر نبوی سے مدد طلب کرتا ہوں۔

(سیر اعلام النبلاء، طبقہ:۳، جلد:۵، بن مکندر)

محمد ابن مکندر جیسے امام قبر نبوی سے استعانت کررہے ہیں تو کیا توحید وشرک کے مسائل اُن پر بھی واضح نہیں تھے؟

## ۳۔امام بخاری (۲۵۶ھ)

امام بخاری ہر خاص وعام کے نزدیک مشہور ومعروف ہیں۔ یہی امام بخاری نے نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کے پاس بیٹھ کر اپنی کتاب ''التاریخ''، لکھی۔

اس بات کا تذکرہ کرتے ہوئے حافظ ذہبی امام بخاری کے حوالے سے لکھتے ہیں: وَصَنَّفْتُ كِتَابَ التَّارِيْخِ إِذْ ذَاكَ عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اللَّيَالِي الْمُقْمِرَةِ۔

(نفس مصدر، طبقہ:۱۴، جلد:۱۲، البخاری)

ترجمہ: میں (امام بخاری) نے التاریخ نامی کتاب اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس چاندنی راتوں میں لکھی۔

کسی کتاب کی تصنیف کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے انتخاب کی؛ اس کے علاوہ کوئی اور وجہ سمجھ میں نہیں آتی کہ انھوں نے قبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے برکت حاصل کرنا چاہا۔

## ۴۔امام جعفر خلدی (م:۳۴۲ھ)

امام ومحدث اور مقتدائے زمانہ شیخ ابومحمد جعفر بن محمد بغدادی خلدی امام جنید اور ابوالحسین نوری کے اصحاب میں سے ہیں امام حاکم، ابوعلی شاذان وغیرہم نے آپ سے روایت کی ہے، خطیب بغدادی نے ان کو ثقہ کہا ہے۔

(نفس مصدر، طبقہ:۲۰، جلد:۱۵، الخلدی)

اسی عظیم مقتدائے زمانہ کے حوالے سے حافظ ابن جوزی اپنی کتاب ''المنتظم فی تاریخ الملوک والامم'' میں اپنی سند سے نقل کرتے ہیں:

كَانَ بِي جَرَبٌ عَظِيْمٌ فَتَمَسَّحْتُ بِتُرَابِ قَبْرِ الْحُسَيْنِ، فَغَفَوْتُ فَانْتَبَهْتُ وَلَيْسَ عَلَيَّ مِنْهُ شَيْءٌ۔

(جلد:۵، حوادث:۶۱ھ)

ترجمہ: مجھ کو سخت قسم کی خارش ہوگئی، چنانچہ میں امام حسین رضی اللہ عنہ کی قبر کی مٹی لگا کر سو گیا اور جب بیدار ہوا تو خارش کا کوئی اثر باقی نہیں تھا۔

اس واقعے کی سند میں جعفر خلدی جن کی عظمت پر گفتگو ہو چکی ہے، ان کے اور حافظ ابن جوزی کے درمیان چار راوی ہیں اور وہ سب ثقہ ہیں، پہلے راوی محمد بن ناصر بغدادی ہیں (۴۶۷-۵۵۰) ان کو حافظ ذہبی نے امام حافظ و محدث لکھا ہے اور حافظ ابن جوزی، ابن نجار اور ابو طاہر سلفی کے حوالے سے ان کا ثقہ ہونا نقل کیا ہے۔ (نفس مصدر، طبقہ:۲۹، جلد:۲۰، ابن ناصر)

دوسرے راوی مبارک بن عبد الجبار بغدادی ابن طیوری (۴۱۱-۵۰۰) ہیں ان کو بھی حافظ ذہبی نے امام ومحدث کہا ہے اور ابو سعد سمعانی، ابو علی بن سکرہ صدفی، ابن ناصر، ابو طاہر سلفی وغیرہم کے حوالے سے ان کی ثقاہت کا قول کیا ہے۔

(نفس مصدر، طبقہ:۲۶، جلد:۱۹، ابن طیوری)

تیسرے راوی ابو الحسین احمد بن محمد عتیقی بغدادی (۳۶۷ھ) ہیں، ان کو بھی حافظ ذہبی نے امام و محدث ثقہ کے لقب سے یاد کیا ہے۔ (نفس مصدر، طبقہ:۲۳، جلد:۱۷)

چوتھے راوی ابوبکر محمد بن الحسن بن عبدان صیرفی ہیں۔ یہ بھی ثقہ ہیں، ان کو عبید اللہ بن احمد نے ثقہ سے بھی اوپر درجے کا شخص قرار دیا ہے۔

(تاریخ بغداد، جلد:۲، ص:۶۱۹)

### ۵۔حافظ ذہبی (۶۷۳-۷۴۸ھ)

علوم اسلامیہ کا ہر طالب علم حافظ ذہبی کی عظمت سے واقف ہے۔ وہ اپنی کتاب ''معجم الشیوخ'' میں فرماتے ہیں: وَنَحْنُ مَالَمْ يَصِحّ لَنَامِثْلُ هٰذَا النَّصِيْبِ الْأَوْفَرِ تَرَامَيْنَاعَلٰى قَبْرِهِ بِالْإِلْتِزَامِ وَالتَّبْجِيْلِ وَالْإِسْتِلَامِ وَالتَّقْبِيْلِ وَهٰذِهِ الْأُمُوْرُ لَايُحَرِّكُهَا مِنَ الْمُسْلِمِ إِلَّا فَرْطُ حُبِّهٖ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (ذکر احمد بن عبد المنعم، ص:۵۶)

ترجمہ: جب ہم کو اسی طرح کا عظیم حصہ نہیں حاصل ہوسکا (جو صحابۂ کرام کو حاصل تھا) تو ہم ان کی قبر سے لپٹنے، تعظیم کرنے اور استلام و بوسہ کے لیے ٹوٹ پڑے اور مسلمانوں کی طرف سے ایسے افعال کا صدور نبی کریم ﷺ سے شدید محبت ہی کی وجہ سے ہے۔

یہاں تو خود حافظ ذہبی اس بات کا اعتراف کررہے ہیں کہ قبر نبوی سے لپٹنا، اس کی تعظیم کرنا اور اس کو چومنے کی وجہ محبت رسول ہے، کوئی اور چیز نہیں۔ تو کیا اس مقام پر ذہبی جیسے ناقد بھی توحید و شرک کی باریکیوں کو نہیں سمجھ سکے۔

مذکورہ بالا اسلاف کے اقوال وافعال سے یہ بات ثابت ہوجاتی ہے کہ نیکوں کی قبروں سے برکت حاصل کرنا درست ہے اور اس میں شرک جیسی کوئی بات نہیں، کیوں کہ ہر مسلمان صرف رب تعالیٰ کو ہی نفع ونقصان کا مالک سمجھتا ہے۔

❑❑❑

# ادبی سیکشن

اے رسول ہاشمی قربان نامت جانِ من
اے رخت آرام جان عاشقاں جانانِ من

اے شفیع عاصیاں اے چارۂ دردِ نہاں
دارم شہا چشم کرم اے درد بے درمانِ من

اے شہنشاہ زماں ماہ عرب مہر عجم
جان و دلم، ہر دو فدا اے دین من ایمان من

بندۂ کم عاجزے مسکینے قدوسے فقیر
من گدائے صابری دار نظر بر من فگن

(منسوب بہ حضرت عبدالقدوس گنگوہی رحمہ اللہ)



اے رسول ہاشمی! آپ پر میری جان قربان ہو،آپ کا رخ انور جملہ عاشقوں کی راحت جان ہے میرے حضور!۔گنہ گاروں کی شفاعت کرنے والے!اے دردنہاں کے چارہ گر! مجھ پر بھی اے بادشاہ چشم کرم فرمایئے اے میرے دردلا علاج اے شاہ زمانہ!عرب کے چاند،عجم کے آفتاب،میری جان اور میرا دل دونوں آپ پرقربان ہو،میرے دین وایمان سب آپ ہیں،کم ترین عاجزمسکین قدوس تیرا محتاج ہے میں صابری گداہوں مجھ پرنظرکرم ڈال دیں۔

(ترجمہ:مفتی امام الدین سعیدی)

By-Josh Malihabaadi

Marsiya

# Hussain aur Inqilab

## (Hussain and Revolution)

Translated by Dr. Tahira Naqvi, New York

تاریخ دے رہی ہے یہ آواز دم بدم    صبرِ مسیح و جرأتِ سقراط کی قسم
دشتِ ثبات و عزم ہے دشتِ بلاؤ غم    اس راہ میں ہے صرف اک انسان کا قدم

جس کی رگوں میں آتشِ بدر و حنین ہے
جس سورما کا اسمِ گرامی حسینؑ ہے

History calls out at every moment
The wilderness of constancy and determination is filled with terrors and sorrow,
I swear by the patience of the Messiah and the courage of Socrates
On this path there are only the footsteps of one man
In whose veins runs the fire of Badr and Hunain,
The Valiant One whose name is Hussain

وہ صاحبِ مزاج نبوت تھا وہ حسین    جو خلوتیِ شاہدِ قدرت تھا وہ حسین
جو وارثِ ضمیرِ رسالت تھا وہ حسین    جس کا وجود فخرِ مشیت تھا وہ حسین

سانچے میں ڈھالنے کے لئے کائنات کو
جو تولتا تھا نوکِ مژہ پر حیات کو

The Hussain who possessed the temperament of prophethood,
The Hussain who was heir to the conscience of the Prophet,
The Hussain who alone was the witness to Divine courage,
The Hussain whose existence was the pride of the Will of God,
To place the universe into a mold
He who weighed life on the point of an eyelash.

پانی سے تین روز ہوئے جس کے لب نہ تر — جو مرگیا ضمیر کی عزت کے نام پر
تیغ و تبر کو سونپ دیا جس نے گھر کا گھر — ذلت کے آستاں پہ جھکایا مگر نہ سر

Whose lips had not been moistened by water for three days,
Who gave up his whole family to the sword and the spear,
Who died for the honor of his conscience,
But did not bow his head before the abode of disgrace

یہ صبح انقلاب کی جو آج کل ہے ضو — یہ جو چراغِ ظلم کی تھرا رہی ہے لو
یہ جو مچل رہی ہے صبا پھٹ رہی ہے پو — درپردہ یہ حسین کے انفاس کی ہے رو

This light of the morn of revolution these days,
This wind that blows restlessly, the dawn that is breaking,
This flickering of the flame of the lamp of oppression,
Behind all this is the presence of Hussain’s breath

اے زندگی جلالِ شہِ مشرقین دے
اس تازہ کربلا کو بھی عزمِ حسین دے

O life, give us the dignity and greatness of the Glorious One,
Give this new Karbala the determination and resolution of Hussain



# اولیا کونسل کی سرگرمیاں

محترم قارئین!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

یقیناً یہ بات ہم سب منتظمین اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ کے لیے باعث سعادت وفخر ہے کہ نیو یارک شہر سے 50 میل کے فاصلے پر جو بظاہر ایک ویرانہ معلوم ہوتی جگہ ہے وہاں پر آپ کو ایک امام بارگاہ اور خانقاہ چشتیہ، سجادیہ، حسینیہ، سہروردیہ آباد نظر آئے گی اور گذشتہ مہینوں کے دوران ایسی ایسی روح پرور محافل تواتر سے سجائی گئیں کہ ان میں شمولیت اور ان کا انعقاد بظاہر ایک کرامت اور معجزے سے کم نہیں اور ویسے بھی ہمارا ایمان ہے کہ آپ راہ خدا میں ایک قدم بڑھائیں تو اللہ کریم آپ کو سو قدم آگے کامیابی کی طرف بڑھا دیتا ہے۔

لیجیے! ان روح پرور محافل کا آنکھوں دیکھا حال کچھ یوں رہا:

مورخہ ۲۱ رمئی ۲۰۲۳ء کو انگلینڈ سے آئے ہوئے قوال جناب سلیم صابری اور ہمنوا خانقاہ چشتیہ فریدیہ میں تشریف لائے اور محفل سماع کا انعقاد ہوا۔ یہ محفل رات گئے تک جاری رہی اور صوفیاے کرام کا کلام بڑی عقیدت سے سنا گیا۔



مورخہ ۵ راگست ۲۰۲۳ء کو ذاکرۂ اہل بیت اطہار محترمہ بیگم شائستہ زیدی نے مجلس عزاداری زنانہ زیر انتظام محترمہ ساجدہ کاظمی، اور محترمہ زہرہ کاظمی منعقد کی۔ جس میں دیگر خواتین نے دور دراز علاقوں سے شرکت کی اور عقیدت کا اظہار کیا۔

مورخہ ۵ رستمبر ۲۰۲۳ء کو خواتین کی مجلس عزاداری منعقد ہوئی۔ ذاکرۂ اہل بیت محترمہ سیدہ نادیہ بتول بخاری، سیدہ ساجدہ کاظمی، سیدہ زہرہ کاظمی، محترمہ صائمہ جی اور دیگر خواتین نے اس محفل کا اہتمام کیا۔

مورخہ ۲۸/اکتوبر ۲۰۲۳ء کو اردو زبان کی ترویج اور ترقی کے لیے ایک تعارفی پروگرام ہوا ،ڈاکٹر مہدی کاظمی ،ڈاکٹر فائق حمیدی، مایہ ناز ٹی وی اینکر فائق صدیقی ، نیو یارک اور پوری دنیا سے جاری ہونے والے سہ ماہی رسالے ورثہ کی تقریب رونمائی ہوئی۔ جس کو مشہور ادیب اور دانشور رئیس وارثی جاری کرتے ہیں اور اردو زبان کے فروغ پر تقریب میں شامل احباب نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اردو اور پنجابی زبان میں مشاعرہ منعقد ہوا جس میں، اعجاز بھٹی، قانع ادارا جہ اویس، ڈاکٹر سلیم میر، رئیس وارثی، الطاف ترمذی، ڈاکٹر شہلا نقوی، احمد مبارک، پروفیسر حماد خان، اور محترمہ فرح کامران نے اپنا اپنا کلام سنا کر سامعین کو محظوظ کیا۔




مورخہ ۱۹/نومبر ۲۰۲۳ء کو بسلسلہ عرس حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ جناب فرید ایاز، ابو محمد اور ہمنواؤں نے خانقاہ میں محفل سماع منعقد کی اور صوفیاے کرام کا کلام سنا کر ابو محمد قوال اور ہمنواؤں نے شرکا کے دل موہ لیے، ڈاکٹر مہدی کاظمی صاحب، پریا نکاراؤ اور مجھ ناچیز نے مل کر قوال حضرات کو ان کو صوفیاے کرام کے دربار اور خانقاہی صوفیانہ کلام پیش کرنے پر تعریفی شیلڈ پیش کی۔



مورخہ ۲۶/نومبر ۲۰۲۳ء کو بسلسلہ جنم دن بابا گرونانک ایک شاندار تقریب قوالی کا انعقاد ہوا۔ اولیا کونسل کی عمارت میں تعمیر اور اندرونی کاموں کی وجہ سے اس کا اہتمام محترمہ پریا نکاراؤ کے گھر پر کیا گیا۔ حمزہ اکرم قوال اور ہمنواؤں نے محفل کی رونق اردو غزلیات کو قوالی کی شکل میں پیش کر کے خوب داد وصول کی۔

قارئین! ان تمام سرگرمیوں کے ساتھ اولیا کونسل کی یہ کوشش ہے کہ آن لائن کے زمانے میں امت اور ملت کو صوفیاے کرام کے راستے پر لایا جائے اس کے لیے ''عرفان و احسان چینل'' کا آغاز کیا گیا جس کے ذریعے آن لائن پروگرام کا انعقاد ہوتا ہے۔


بالخصوص ''تفسیر قرآن سیریز''، ''اولیا کونسل مکالمہ سیریز'' اور ''سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیریز'' قابل ذکر ہیں۔

مذکورہ تمام پروگرام میں بڑے بڑے اسلامی اسکالرز ہمارے ساتھ جوائن ہو کر اپنے خیالات سے امت و ملت کی صحیح رہنمائی کرتے ہیں۔

ان تمام پروگرام کے انعقاد میں اولیا کونسل آف نارتھ امریکہ کے بانی ڈاکٹر مہدی کاظمی صاحب کا اہم کردار ہے ان کی خواہش ہے کہ موجودہ دور میں صوفیاے کرام کی صحیح تعلیمات امت تک پہنچ جائے اور وہ اس کام میں بہت کامیاب بھی ہیں۔ اللہ کریم کی مدد شامل حال رہی تو مستقبل قریب میں عالمی سطح پر امت کی رہنمائی کے لیے بڑے تعلیمی ادارے کا قیام عمل میں آئے گا - ان شاء اللہ-

اسی طرح پوری دنیا آن لائن کے زمانے میں زندگی بسر کر رہی ہے تو اس کے لیے بھی آن لائن تعلیمی پروگرام لانچ کرنے کا ارادہ ہے۔ اللہ کریم ڈاکٹر مہدی کاظمی صاحب کی عمر دراز فرمائے ( آمین ) شکریہ!





Auliya Council in New York is a Sufi organization with the mission of carrying forward the work of Auliya Karam(Sufi Saints) of the Indian Subcontinent. Auliya Council Center consisting of Khanqahe Chishtiya Faridiya/Hussaniya Sajjadiya has a Sama Khana, Library, Conference Center,gathering spaces, offices and a Masjid and Langar Khana are in progress. The building is well-equipped for large gatherings where all our activities are conducted. With the over-arching aspirations of the Sufi saints in mind, ACNA hopes to nurture diversity, carry forward the mission and follows the path shown by Khwaja Moinuddin Chishti. Several functions take place annually- Eid Miladunnabi, Urs celebrations, Friday and Eid prayers, regular Sama mehfils amongst others.

ACNA's official journal, Sufitimes is published quarterly in English and Urdu. Our YouTube channel, Irfan o Ehsan has regular tafseer series, videos on topics in Sufism and videos on various related topics.

Please support the work of Auliya Council of North by donating generously. You can contribute via VENMO @auliya-council or send an email to auliyacouncil@gmail.com for further information on how to contribute to our good works.

---

اولیا کونسل نارتھ امریکہ شمالی امریکہ کا ایک رجسٹرڈ روحانی وسماجی ادارہ ہے جس کا ہدف صوفیائے کرام کے افکار وتعلیمات کو عام کرنا اور خلق خدا کو جادۂ مستقیم کی رہنمائی کرنا تصوف وخانقاہیت کی حقیقی تصویر پیش کرنا ہے۔انہیں اہداف و اغراض کے لیے اس ادارہ کے تحت مختلف سرگرمیاں اور پروگرامز چل رہے ہیں۔فی الوقت خانقاہ فریدیہ سجادیہ کے قیام کے ساتھ ساتھ ایک سہ ماہی رسالہ،صوفی ٹائمز،اردو اور انگریزی دونوں زبان میں شائع کیا جاتا ہے نیز عرفان واحسان چینل کا بھی آغاز ہو چکا ہے جس پر تفسیر قرآن سیریز، مکالمہ سیریز، پیام سیرت سیریز اور عرفان وتصوف سیریز جیسے وقیع ومفید پروگرامز نشر کیے جاتے ہیں۔خانقاہ میں مختلف علمی وروحانی مجالس کا وقتاً فوقتاً اہتمام بھی کیا جاتا ہے اور نامور اسکالر کو مدعو کر کے محاضرہ وخطاب بھی کرایا جاتا ہے۔آپ اس ادارہ کی کارکردگی کو ضرور دیکھتے رہیں اور اپنا ممکنہ تعاون بھی پیش کرتے رہیں۔اس میں مالی تعاون پیش کرنے کے لیے venmo@auliyacouncil کا استعمال کریں۔

مزید معلومات کے لیے درج ذیل ای میل پر رابطہ کریں۔auliyacouncil@gmail.com